عورت کے لیے گھر میں اعتکاف کے مسائل

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عورت کےلیے اعتکاف کرنے کے لیے کونسی شرائط ہیں ، کیا وہ پورے گھر کو اعتکاف کےلیے استعمال کرسکتی ہے ؟ گھر والوں سے بات وغیر ہ کرسکتی ہے ۔ اور اس کے لیے کتنے دن کا اعتکاف ہوتا ہے اور اگر دوران اعتکاف حیض آجائے تو کیا ہوگا ؟

سائلہ : **حلیمہ** (اسٹریلیا)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

پہلے عورت گھر میں نماز کے لیے ایک جگہ خاص کرلے اگر پہلے سے کوئی جگہ خاص نہیں کی گئی اس خاص جگہ کو مسجد بیت کہتے ہیں پھر اس میں اعتکاف کرے ۔ اگر گھر کوئی جگہ نماز کے لیے خاص نہیں تو عورت گھر میں اعتکاف نہیں کرسکتی ۔ اور پورا گھر نماز کے لیے خاص نہیں ہوسکتا ہے پورے گھر میں اعتکاف نہیں کرسکتی بلکہ صرف اسی جگہ کرے گی جس کو نماز کے لیے خاص کیا گیا ہے ۔ہاں بضرورت باتھ اور واش روم استعمال کرنے کے لیے مسجد بیت سے نکل سکتی ہے اور ضرورتاً گھر والوں سے بات بھی کرسکتی ہے ۔

جیساکہ درمختار میں ہے :**وَلَا يَصِحُّ فِي غَيْرِ مَوْضِعِ صَلَاتِهَا مِنْ بَيْتِهَا كَمَا إذَا لَمْ يَكُنْ فِيهِ مَسْجِدٌ وَلَا تَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهَا إذَا اعْتَكَفَتْ فِيهِ**

گھر میں نماز کے لیے خاص کی گئی جگہ کے علاوہ میں اعتکاف صحیح نہیں جیساکہ گھر میں کوئی مسجد بیت نہ ہو اور وہ اس سے بلاضرورت نہیں نکلے گی جب وہ اس میں اعتکاف کرے۔

(الدرالمختار باب الاعتکاف ج۲ ص ۴۴۱)

اور بہارشریعت میں ہے:

عورت اس جگہ(اعتکاف)کرے جو اُس نے نماز پڑھنے کے لیے مقرر کر رکھی ہے جسے مسجدِ بیت کہتے ہیں --اگرعورت نے نماز کے لیے کوئی جگہ مقرر نہیں کر رکھی ہے تو گھر میں اعتکاف نہیں کر سکتی، البتہ اگر اس وقت یعنی جب کہ اعتکاف کا ارادہ کیا کسی جگہ کو نماز کے لیے خاص کر لیا تو اس جگہ اعتکاف کر سکتی ہے۔

اور سنت اعتکاف مرد وعورت دونوں کے لیےرمضان کے پورے عشرہ اخیرہ یعنی آخر ی دس دن کا ہوتا ہے یعنی بیسویں رمضان کو سورج ڈوبتے وقت بہ نیّت اعتکاف مسجد یا مسجدبیت میں بیٹھے اور تیسویں کے غروب کے بعد یا انتیس کو چاند ہونے کے بعد نکلے۔

جیساکہ بہارشریعت میں ہے ۔سنت مؤکدہ، کہ رمضان کے پورے عشرہ اخیرہ یعنی آخر کے دس دن میں اعتکاف کیا جائے یعنی بیسویں رمضان کو سورج ڈوبتے وقت بہ نیّت

اعتکاف مسجد میں ہو اور تیسویں کے غروب کے بعد یا انتیس کو چاند ہونے کے بعد نکلے۔

(بہارشریعت ج ۱ص۱۱۲۱)

اگر دوران اعتکاف عورت کو حیض آجائے تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا تو اس پر اس کے بدلے ایک دن اعتکاف بطور قضاضروری ہوگا تو وہ رمضان کے بعد یا رمضان میں ہی روزہ رکھ کر ایک دن کا قضا اعتکاف کرے یعنی مغرب سے پہلے مسجد بیت میں قضا اعتکاف کی نیت کرکے بیٹھ جائے اورآنے والے دن کا روزہ رکھے اور مغرب کے بعد اعتکاف سے اٹھ جائے ۔

جیساکہ بہارشریعت میں ہے :

اور اعتکاف مسنون کہ رمضان کی پچھلی دس تاریخوں تک کے لیے بیٹھا تھا، اسے توڑا تو جس دن توڑا فقط اس ایک دن کی قضا کرے، پورے دس دنوں کی قضا واجب نہیں ۔

(بہارشریعت ج ۱ص ۱۰۲۸)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہُ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

خادمِ دارالافتاء یوکے

Date:02-05-2020

RULINGS PERTAINING TO WOMEN'S *I'TIKAF* (SECLUSION) AT HOME

QUESTION:

What are the conditions for a woman to observe *i'tikaf*? Can she use the entire house for *i'tikaf*? Can she converse with the people present in the house? What is the duration of *i'tikaf* for her? What should be done if her menstrual period starts during the *i'tikaf*?

Questioner: Halima, Australia.

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Firstly, the woman must fix a place for *salah* (ritual prayer) in the house if a place was not fixed already. This is known as *masjid al-bayt*. The *i'kitaf* must be observed at this place. If there is no place in the house which is fixed for *salah*, then the woman cannot observe *i'tikaf* at home. The entire house cannot be designated for *salah*. Thus, the *i'tikaf* cannot be observed in the entire house. Instead, it should be observed only at the place which has been designated for *salah*. The woman observing *i'tikaf* can leave the *masjid al-bayt* to use the bathroom and toilet. If necessary, she can also speak to people present in the house.

It is mentioned in al-Durr al-Mukhtar:

وَلَا يَصِحُّ فِي غَيْرِ مَوْضِعِ صَلَاتِهَا مِنْ بَيْتِهَا كَمَا إِذَا لَمْ يَكُنْ فِيهِ مَسْجِدٌ وَلَا تَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهَا إِذَا اعْتَكَفَتْ فِيهِ

Translation: "*I'tikaf* is not valid in a place in the house other than the one designated for *salah*, i.e. if there is no masjid in the house, the one that she will not leave it except out of necessity whilst observing *i'tikaf*."

(al-Durr al-Mukhtar, vol. 2, pg. 441)

It is mentioned in Bahar-i Shari'at: "A woman must observe it (*i'tikaf*) in the area which she has designated for performing *salah*, which is known as *masjid al-bayt*. If a woman has not designated a specific area for *salah*, then she cannot observe *i'tikaf* at home. However, at that time, meaning, when she intends to perform *i'tikaf*, she designates a place for *salah*, then she may perform it in that place."

It is a *sunnah*, for both men and women, to observe *i'tikaf* in the last ten days of the month of Ramadan, i.e. making intention of i'tikaf and secluding in a *masjid* or a *masjid al-bayt* from the time of sunset of the 20th of Ramadan to the sighting of the moon on the 29th or after the sun has set on the 30th of Ramadan.

It is mentioned in Bahar-i Shari'at: "Sunnah Mu'akkadah: *i'tikaf* for all the last ten days of Ramadan. This is to remain in the *masjid* with the intention of *i'tikaf* at the time of the setting of the sun on the 20th of Ramadan, and to exit the *masjid* on the 30th after sunset, or on the 29th after the moon has been sighted." (Bahar-i Shari'at, vol. 1, pg. 1121)

The *i'tikaf* will be invalidated if the woman's menstrual period starts during it. In lieu of this, *i'tikaf* of one day will be necessary upon her as *qada* (recovery). This can be done during or after Ramadan by fasting for a single day and observing *i'tikaf* on that day, i.e. make intention *qada i'tikaf* before *maghrib* time and seclude to the *masjid al-bayt*, fast the following day and exit the *i'tikaf* after *maghrib* time.

It is mentioned in Bahar-i Shari'at: "If a person sat for the *masnun i'tikaf*, i.e. for the last ten days of Ramadan, and he broke it, then in this case, he should only perform *qada* for the one day which he broke. It is not *wajib* (necessary) for him to make *qada* of the entire ten days." (Bahar-i Shari'at, vol. 1, pg. 1028)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadiri

Translated by the SeekersPath Team